Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 16 — بدھ ، 28 جنوری 2026ء، 8 شعبان المعظم 1447ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 286

ہر ضلع میں سٹروک مینجمنٹ سنٹر قائم کرنے کی منظوری

ہر ضلع میں ایک ڈاکٹر اور نرس کو تین ماہ کی سٹروک مینجمنٹ ٹریننگ دی جائیگی، ہر ڈی ایچ کیو میں نیورالوجسٹ اور پیڈز نیورالوجسٹ تعینات کرنے کا اصولی فیصلہ

ابوظہبی: صدر آصف علی زرداری کی متحدہ عرب امارات کے رواداری اور بقائے باہمی کے وزیر شیخ نہیان بن مبارک النہیان سے ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ہر ضلع میں سٹروک مینجمنٹ سنٹر قائم کرنے کی منظوری دے دی۔ اجلاس میں ہر ڈی ایچ کیو میں نیورالوجسٹ اور پیڈز نیورالوجسٹ تعینات کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیرصدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ہر ضلع میں ایک ڈاکٹر اور نرس کو فوری طور پر تین ماہ کی سٹروک مینجمنٹ ٹریننگ شروع کرانے (بقیہ نمبر 1)

رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ

سینیٹ سیکرٹریٹ کے حکام نے وفد کو پارلیمنٹ ہاؤس آمد پر خوش آمدید کہا

وفد کے اراکین نے سوال و جواب کے ایک بھرپور سیشن میں حصہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے 45 رکنی وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ کیا۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے حکام نے وفد کو پارلیمنٹ ہاؤس آمد پر خوش آمدید کہا۔ وفد کو جمیل احمد کھوسو، جوائنٹ سیکرٹری سینیٹ سیکرٹریٹ نے ایوان بالا کے کام کے (بقیہ نمبر 2)

آئی ایم ایف سے مذاکرات کیلئے نئی ترجیحات طے کرنے کا فیصلہ

ایم ڈی آئی ایم ایف نے قرض پروگرام میں رہتے ہوئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرادی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ مذاکرات آئندہ ماہ متوقع ہیں جس کیلئے آئی ایم ایف کا جائزہ مشن آئندہ ماہ پاکستان کا دورہ کرے گا۔ آئی ایم ایف کے درمیان تیسرے اقتصادی جائزے کے (بقیہ نمبر 5)

میانمار کے وزیر خارجہ کی وزیراعظم پاکستان سے ملاقات

انسانی اسمگلنگ کیخلاف کارروائی میں میانمار کے تعاون اور آسیان کیساتھ پاکستان کی شمولیت کیلئے میانمار کی حمایت کو سراہا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے دورے پر موجود میانمار کے وفاقی وزیر برائے امور خارجہ یوتھان سوی نے وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں وزیراعظم نے معزز مہمان کا خیر مقدم کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 4)

جموں و کشمیر کبھی بھارت کا حصہ رہا نہ ہی کبھی ہوگا، پاکستان

پاکستان کیخلاف من گھڑت، مضحکہ خیز الزامات عائد کرنا بھارت کا پرانا حربہ ہے، فرسٹ سیکرٹری ذوالفقار علی

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں قانون کی حکمرانی کے حوالے سے مباحثہ میں پاکستان کے فرسٹ سیکرٹری ذوالفقار علی نے بھارتی نمائندے کے ریمارکس پر جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ جموں و کشمیر (بقیہ نمبر 3)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سٹروک مینجمنٹ سنٹرز کے قیام سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ صوبائی وزراء کی اے آئی ٹریننگ، وزیراعلیٰ مریم نواز نے ٹریننگ پروگرام لیڈ کیا

سکولوں میں اے آئی کا استعمال لازمی قرار

گوگل ٹیک ویلی ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن ایڈوائزری بورڈ قائم کرنے کا فیصلہ، آپریشنل پالیسی سازی، شعبہ جاتی اصلاحات اور دیگر امور میں اے آئی معاونت پر گفتگو، پالیسی سمری تجزیہ، سمری اور گوگل ٹولز پر تبادلہ خیال

ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سوچ اور کام کے طریقہ کار کو بدل سکتی ہے، اصلاحات اور پالیسی سازی میں اے آئی کی معاونت ناگزیر ہے، مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے تاریخ میں پہلی مرتبہ صوبائی وزراء کی اے آئی ٹریننگ سیشن میں خود شرکت کر کے لیڈ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور وزراء نے آفیشل ورکشاپ ''ایمپاورنگ پنجاب ود اے آئی'' ٹریننگ پروگرام میں شرکت کی۔ ٹریننگ پروگرام کے دوران خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے سکولوں میں اے آئی استعمال کو لازمی قرار دے دیا ہے۔ ٹریننگ پروگرام میں پنجاب (بقیہ نمبر 14)

رمضان کے دوران سکولوں کے اوقات کار میں تبدیلی کی تیاری

لاہور (این این آئی) رمضان المبارک کے دوران سکولوں کے اوقات کار میں تبدیلی کی تیاری کر لی گئی، متوقع ہے کہ رمضان پاکستان میں 18 یا 19 فروری سے (بقیہ نمبر 7)

پنجاب ایک نئے ڈیجیٹل انقلاب کی جانب گامزن ہے

وزیراعلیٰ کا ویژن پنجاب کو آرٹیفیشل انٹیلی جنس کا عالمی مرکز بنانے کا ہے، مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ پنجاب اس وقت ایک بڑے ڈیجیٹل انقلاب سے گزر رہا ہے، جس کی قیادت خود وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کر رہی ہیں، وزیراعلیٰ کا ویژن پنجاب کو آرٹیفیشل انٹیلی جنس (AI) کا عالمی (بقیہ نمبر 6)

چیئرمین سی ڈی اے کی نیپال کی سفیر ریتا دھیتال سے ملاقات

پاکستان اپنے برادر ملک نیپال کیساتھ تعلقات کو انتہائی عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہے، چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا

چیئرمین سی ڈی اے نے نیپالی سفیر کو اگلے ماہ سے موسم بہار کی شجرکاری مہم میں بھرپور حصہ لینے کی خصوصی دعوت دی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی منگل کے روز نیپال کی سفیر ریتا دھیتال سے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں ملاقات ہوئی۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے نیپالی سفیر ریتا دھیتال کو سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں سی ڈی اے بورڈ کے ممبر ایڈمن طلعت محمود سمیت دیگر سینئر افسران بھی شریک (بقیہ نمبر 8)

چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا سے نیپال کی سفیر ریتا دھیتال ملاقات کر رہی ہیں

پریکٹس اینڈ پروسیجر رولز جس نے بھی بنائے کمال بنائے ہیں، جسٹس محسن اختر کیانی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس محسن اختر کیانی نے ہائیکورٹ کے پریکٹس اینڈ پروسیجر رولز سے متعلق ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ پریکٹس اینڈ پروسیجر رولز جس نے بھی بنائے کمال بنائے ہیں، اب تو یہ سیکرٹ ڈاکومنٹ بھی نہیں (بقیہ نمبر 9)

اوورسیز پاکستانیوں کے ملکیتی حقوق کا مکمل تحفظ کیا جائیگا

اوورسیز پاکستانیوں کے قبضے کی اطلاع پر ڈپٹی کمشنر اسلام آباد 7 دن میں فیصلہ کرنے کے پابند ہیں، محسن نقوی

اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری میں اوورسیز پاکستانیوں کی سرمایہ کاری خوش آئند اور قابل قدر ہے، فاقی وزیرداخلہ کا ایکس پر بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانی اگر کسی بھی قسم کے قبضے کی شکایت درج کرائیں گے تو ڈپٹی کمشنر اسلام آباد سات دن کے اندر اس پر فیصلہ کرنے کا پابند ہوگا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پیغام میں کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے ملکیتی حقوق کا مکمل تحفظ کیا جائے گا اور کسی کو بھی ان کی جائیداد پر قبضہ کرنے کی اجازت (بقیہ نمبر 19)

قائم مقام چیئرمین سینیٹ، سیدال خان پارلیمنٹ ہاؤس، اسلام آباد میں امریکی سفارت خانے کے پولیٹیکل کونسلر شیلی ڈبلیو سیکسین کو سینیٹ کی شیلڈ پیش کر رہے ہیں

وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کی عالمی لیبر مارکیٹ کانفرنس میں شرکت

جہاں انہوں نے جدید لیبر پالیسیوں، مہارتوں کی تیاری اور عالمی بہترین طریقہ کار سے ہم آہنگی کے لیے پاکستان کے عزم کو اجاگر کیا

وفاقی وزیر نے عمان، فلپائن اور مملکت سعودی عرب سمیت مختلف ممالک کے عالمی رہنماؤں، وزراء اور سفیروں سے دوطرفہ ملاقاتیں کیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی وانسانی وسائل کی ترقی کا عالمی لیبر مارکیٹ کانفرنس، ریاض میں پاکستان کی افرادی قوت کی تیاری اور عالمی تعاون پر زور وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی وانسانی وسائل کی ترقی، چوہدری سالک حسین نے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں منعقد ہونے والی عالمی لیبر مارکیٹ کانفرنس (GLMC) کے تیسرے ایڈیشن میں پاکستان کی نمائندگی کی، جہاں انہوں نے جدید لیبر پالیسیوں، مہارتوں کی تیاری اور عالمی بہترین طریقہ کار سے ہم آہنگی کے لیے پاکستان (بقیہ نمبر 15)

موبائل فون مینوفیکچرنگ 30.2 ملین یونٹس تک پہنچ گئی

2025 میں 95 فیصد موبائل فونز مقامی طور پر تیار کیے گئے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں موبائل فون مینوفیکچرنگ 30.2 ملین یونٹس تک پہنچ گئی، 2025 میں 95 فیصد موبائل فونز مقامی طور پر تیار کیے گئے۔ گوادر پرو کے مطابق پاکستان میں مقامی موبائل فون مینوفیکچرنگ اور اسمبلنگ کے شعبے نے 2025 میں بھی تیزی سے ترقی جاری رکھی، جبکہ کمرشل طور پر درآمد کیے جانے والے موبائل فونز کی تعداد میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی۔ یہ بات پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) (بقیہ نمبر 20)

جماعتِ اسلامی آزاد کشمیر کے سابق امیر عبدالرشید ترابی اور مقبوضہ کشمیر جماعتِ اسلامی کے رہنما ثناء اللہ نے چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ سے مسئلہ کشمیر کی تازہ ترین صورتحال اور آنے والے 5 فروری (یومِ یکجہتی کشمیر) کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا، ملاقات کے اختتام پر گروپ فوٹو

جدید ڈرونز کے ذریعے جرائم کی ریئل ٹائم مانیٹرنگ جاری

کرائم ہاٹ اسپاٹس، پتنگ بازی، سموگ، آتشزدگی اور ٹریفک خلاف ورزیوں کی نشاندہی، مختلف شہروں میں ڈرون سرویلنس موثر ثابت

ڈرون سرویلنس کی مدد سے مشکوک سرگرمیوں کی نشاندہی، کرائم ٹریسنگ اور جرائم کی روک تھام میں نمایاں مدد مل رہی ہے، ترجمان

لاہور (این این آئی) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے جدید ٹیکنالوجی سے لیس ڈرونز کے ذریعے صوبہ بھر میں جرائم اور مختلف خلاف ورزیوں کی ریئل ٹائم مانیٹرنگ کا عمل جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈرون سرویلنس کے ذریعے کرائم ہاٹ اسپاٹس، پتنگ بازی، کھلے مین ہولز، تجاوزات اور سموگ سمیت متعدد خلاف ورزیوں کی نشاندہی کر کے بروقت کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ (بقیہ نمبر 10)

بسنت کیلئے سکولوں کی چھتیں دینے کی تیاریاں، این او سی جاری

لاہور (این این آئی) بسنت 2026ء کے موقع پر اسکولوں کی چھتیں استعمال کے لیے دینے کی تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور نے 15 میں سے 2 سرکاری اسکولوں کی چھتوں کے لیے این او سی جاری کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق گورنمنٹ وکٹوریہ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول اور (بقیہ نمبر 21)

کیپشن اردو: وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کی سعودی عرب (ریاض) میں ہونے والی گلوبل لیبر مارکیٹ کانفرنس کے موقع پر گروپ فوٹو

یونان کشتی حادثہ، مدعی کا مرکزی ملزم کو پہچاننے سے انکار

قرآن بہت بڑا ہے، ہم اس کا بوجھ نہیں اٹھا سکتے، ظالم کو بچانے کی کوشش مت کریں، جو کہتے ہیں یہ سادہ لوگ ہیں، یہ سادہ لوگ نہیں ہیں

آپ ایک ظالم کو بچانے کی کوشش کر رہے ہیں، انسانی زندگی کی کوئی قیمت ہے یا نہیں؟ جسٹس عالیہ نیلم کا اظہار برہمی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں یونان کشتی حادثے کے مرکزی ملزم ثاقب بجا کی عبوری ضمانت پر سماعت کے دوران مقدمہ کی مدعی نے مرکزی ملزم کو پہچاننے سے انکار کردیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے یونان کشتی کے حادثہ کے مرکزی ملزم ثاقب بجا کی عبوری ضمانت کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل نے بتایا کہ مدعیوں نے بیان دیا ہے کہ یہ ہمارا ملزم نہیں (بقیہ نمبر 22)

سندر میں تیز رفتار کار نے نوجوان کو کچل دیا

لاہور (این این آئی) سندر میں تیز رفتار کار نے نوجوان کو کچل دیا۔ حادثے میں فرسٹ ایئر کا طالب علم اکرام جاں بحق ہوگیا۔ پولیس نے کارروائی کے بعد لاش مردہ خانہ منتقل کر دی۔ والدہ نے مطالبہ کیا ہے کہ مقدمہ درج کر کے ملزمان کو گرفتار کیا جائے۔

لاہور سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل کو بلوچستان سے آئے ہوئے اسسٹنٹ کمشنرز کے وفد کے سربراہ ثقافتی شال کا تحفہ پیش کر رہے ہیں

ضلع سوات کو دو حصوں میں تقسیم کرنے کا اعلامیہ جاری

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے کابینہ فیصلہ کے مطابق ضلع سوات کو دو حصوں میں تقسیم کرنے کا اعلامیہ جاری کر دیا۔ صوبائی محکمہ سے جاری اعلامیہ کے مطابق ضلع اپر (بر) سوات کا ہیڈکوارٹر مٹہ جبکہ سوات کا ہیڈکوارٹر گل کدہ تحصیل بابوزئی ہوگا۔ (بقیہ نمبر 12)

شناختی کارڈ بلاک کیس، سیکرٹری داخلہ عدالت میں پیش

سیکرٹری داخلہ نے شہری کی درخواست پر فیصلہ کرنے کی یقین دہانی کرادی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہری کا شناختی کارڈ بحال نہ کرنے پر توہین عدالت کیس میں سیکرٹری داخلہ کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیے جو سیکرٹری کے پیش ہونے پر واپس لے لئے۔ ہائیکورٹ میں افغان شہری قرار دے (بقیہ نمبر 11)

درآمد شدہ گاڑیوں کی قیمت سے متعلق ترمیمی کسٹمز جنرل آرڈر جاری

درآمد شدہ گاڑیوں کی قیمت کے تخمینے میں مقامی مجاز ایجنٹس کا کردار ختم

اسلام آباد (این این آئی) درآمدی لگژری گاڑیوں پر انڈر انوائسنگ اور ٹیکس چوری روکنے کیلئے ایف بی آر نے درآمد شدہ گاڑیوں کی قیمت کا اندازہ لگانے میں (بقیہ نمبر 16)

افسران کے سرکاری موبائل نمبرز بجلی کے بلوں پر شائع کرنے پر پابندی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے افسران کے سرکاری موبائل نمبرز بجلی کے بلوں پر شائع کرنے پر پابندی عائد کر دی۔ ترجمان ذرائع کے مطابق بجلی کے بلوں پر متعلقہ افسران کے موبائل (بقیہ نمبر 23)

چینی ٹیکنالوجی وفد کی اے آئی شعبے میں سرمایہ کاری میں دلچسپی

چینی لیوانتھن گروپ پاکستان میں سرمایہ کاری کا خواہاں ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) بگ ڈیٹا سینٹرز، جدید ڈیجیٹل حل اور اسمارٹ ٹیکنالوجیز میں مہارت رکھنے والے لیوانتھن گروپ کے دو رکنی چینی ٹیکنالوجی وفد نے وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ سے ملاقات کی۔ گوادر پرو کے مطابق ملاقات کے دوران وفد نے پاکستان کے تیزی سے ترقی کرتے ہوئے انفارمیشن (بقیہ نمبر 24)

آخر کس قانون کے تحت شہریوں کو آف لوڈ کیا جا رہا ہے، لاہور ہائیکورٹ

لاہور ہائی کورٹ نے نے ایڈیشنل اٹارنی جنرل فار پاکستان کو طلب کر کے کیس کی مزید سماعت ملتوی کر دی

اگر ویزا مل گیا ہو اور باقی دستاویزات بھی مکمل ہوں تو کسی شہری کو آف لوڈ کیسے کیا جا سکتا ہے، جسٹس راحیل کامران شیخ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے شہریوں کو بیرون ملک سفر سے روکنے اور امیگریشن حکام کی جانب سے مسافروں کو آف لوڈ کرنے کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت کے دوران امیگریشن حکام کے اختیارات پر سخت سوالات اٹھاتے ہوئے آئندہ سماعت پر ایڈیشنل اٹارنی جنرل فار پاکستان کو طلب کر لیا۔ جسٹس راحیل کامران شیخ نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے استفسار (بقیہ نمبر 13)

صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیرصدارت لاہور میں برقی تنصیبات اور کیبل نیٹ ورکس کی بہترین کے لئے اعلیٰ سطحی اجلاس میں محکمہ انرجی کے تشکیل کردہ ورکنگ گروپس کی سفارشات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے

مختلف علاقوں میں بارش اور پہاڑوں پر برفباری، رابطہ سڑکیں بند

اشیاء ضروریہ کی قلت پیدا ہوگئی، گیس سلنڈر اور لکڑی کی قیمتوں میں اضافے کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا

کوئٹہ میں گیس پریشر میں کمی، بجلی بند ہونے سے شہری پریشانی کا شکار سندھ میں موسم سرما کی پہلی برفباری سے سردی بڑھ گئی

اسلام آباد / مری / گلگت / مظفر آباد / پشاور / کراچی (این این آئی) آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور مری سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں بارش اور پہاڑوں پر شدید برف باری کے باعث موسم کی شدت میں ایک بار پھر اضافہ ہوگیا، سڑکوں کی بندش کے باعث خوراک اور ادویات کی شدید قلت پیدا ہوگئی، گیس سلنڈر اور لکڑی کی قیمتوں میں اضافے کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، شدید سردی کے باعث بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں گیس پریشر میں کمی، بجلی بند ہونے سے شہری پریشانی کا شکار دکھائی دیئے، سندھ میں تفریحی مقام گورکھ ہل اسٹیشن پر موسم سرما کی پہلی برفباری سے (بقیہ نمبر 25)

بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں ہونے والی برف باری کے بعد ہنہ بائی پاس کا خوبصورت منظر

مقررہ ہدف سے زائد ریونیو حاصل کیا، کسٹمز بلوچستان

گزشتہ ایک سال کے دوران 98 ارب روپے مالیت کا اسمگل شدہ سامان ضبط کیا

کوئٹہ (این این آئی) چیف کلیکٹر کسٹمز بلوچستان مسعود احمد نے کہا ہے کہ محدود وسائل، کم نفری اور نامساعد حالات کے باوجود کسٹمز کے افسران اور عملے نے دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تعاون سے مالی سال کے پہلے چھ ماہ کے دوران مقررہ ہدف سے (بقیہ نمبر 17)

یاسین ملک کی سزا میں کچھ بھی سنایا جا سکتا ہے

ایک بہت خطرناک پھانسی کے کیس کی سماعت ہونے جا رہی ہے، مشعال ملک

مظفرآباد (این این آئی) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ ایک بہت خطرناک پھانسی کے کیس کی سماعت ہونے جا رہی ہے۔ مظفرآباد میں (بقیہ نمبر 18)

صوبائی وزیر مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ لاہور رنگ روڈ بیوٹیفکیشن کے بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی سچی صحافت کا ترجمان
ABC 17,000
اڈیٹر انچیف: تنویر الاسلام
اڈیٹر ایگزیکٹو: تنویر الاسلام

اڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

اتائیت کی روک تھام ضروری

ملکِ عزیز میں صحت کا شعبہ ایک ایسے سنگین بحران سے دوچار ہے جس سے شہریوں کی زندگیوں کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ ایک خبر کے مطابق ملک بھر میں اس وقت چھ لاکھ سے زائد اتائی کام کر رہے ہیں جو سرے سے طب کے شعبے سے کوئی تعلق نہیں رکھتے یا صرف چند ماہ کسی مستند ڈاکٹر کے ساتھ کام کر کے اپنا کلینک کھولے ہوئے ہیں۔ یہ نیم حکیم ادویات کے مضر اثرات اور صحیح مقدار سے لاعلم ہوتے ہیں' ان کے یہ لاعلمی جان لیوا ثابت ہوتی ہے۔ اتائی ملک میں ہیپاٹائٹس اور ایڈز کے بڑے پیمانے پر پھیلاؤ کے بھی ذمہ دار ہیں کیونکہ اتائی ایک ہی سرنج بار بار اور طبی آلات بھی جراثیم سے پاک کیے بغیر دوبارہ استعمال کرتے ہیں۔ یہ صورتحال صحتِ عامہ کے نظام کیلئے ایک بڑا چیلنج ہے۔

حکومت اور متعلقہ حکام کو صحت کے دشمن ان نوسربازوں کے خلاف سخت اور موثر کارروائیاں کرنی چاہیے' ان کے خلاف قوانین کو مضبوط بنانا چاہیے اور عوام میں اس حوالے سے آگاہی پھیلانی چاہیے کہ وہ اتائیوں کے بجائے مستند ڈاکٹر سے ہی رجوع کریں۔ ملک میں اتائیت کے پھیلاؤ کی بڑی وجہ یہ ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو توجہ نہیں ملتی' گھنٹوں خوار ہونے کے بعد بھی ان کے معمولی ٹیسٹ نہیں ہوتے اور نہ ادویات ملتی ہیں۔ اتائیت کی روک تھام کیلئے سرکاری شعبۂ صحت کی اصلاح اور معیاری علاج کی سہولیات ناگزیر ہیں۔

"ہم خود اپنے زخموں کے معمار"

تحریر: سیدہ نزہت ایوب کاظمی، شہر: اسلام آباد

جب آپ کو لگے دکھوں کی رات طویل ہوئی جاتی ہے، کوئی پرسانِ حال نہیں، راہِ فرار نظر نہ آتی ہو، کوئی ہمدرد نہ ملے تو ہم خود کو مرنے لگے، چلنا دوبھر ہو، دل گھٹنے لگے۔ اور جب ہر آتی جاتی سانس آسیبن جائے۔ جب آپ کو لگے کہ آپ کا تن کھانے والوں کا، آپ کو زمانے میں رسوا کرنے والے، آپ کے خونی رشتوں کا عاصبہ نہیں ہو رہا تو ہم کی بات نہیں، جب سمجھ لینا چاہئے آپ بہت خاص ہو چکے، کیونکہ اب رب کہتا ہے آپ کے ذریعے آپ سے جڑے ان لوگوں کو آزمانے لگا ہے جنہوں نے آپ کو بے یارو مددگار کیا، آپ کا حق کھایا، رب تسلیم آپ کو ہراساں کر کے رکھنے والوں کو تو ہر بھری نظروں سے دیکھ رہا ہے' میں بہت بھی بھولنی نہیں چاہتے۔ محترم قارئن! آج آپ کو کلام کی حساسیت کا اندازہ خود ہی ہو جائے گا جو لکھنے کا کام کرنے والے

لقبہ 1

کا بھی قبضہ کیا گیا۔ ذریعہ اہل مرکز ڈاورشریف نے فوری طور سوزوکی ہلڈنگ کیلئے ٹیلی میڈیسن پراجیکٹ شروع کرنے کا حکم دیا۔ ضلعی ہسپتالوں کے ڈاکٹروں کے مریض کے فوری علاج کیلئے سپیشلسٹ اور کنسلٹنٹ کی ایک فہرست جاری کی۔ ذریعہ اہل مرکز ڈاورشریف نے سرکی جنیٹک سٹڈیز کیلئے زنز فیلڈ پروگرام شروع کرنے کی ہدایت دی اور ریسرچ سرکٹ جنیٹک ٹیسٹ کرانے کیلئے اقدامات کا حکم دیا۔ ذریعہ اہل مرکز ڈاورشریف نے فوری طور پر ہیلتھ کیئر کی آگاہی مہم شروع کرنے کی ہدایت کی۔ ذریعہ اہل مرکز ڈاورشریف نے ڈاکٹر کاشف کی کوالٹی کو فیڈ بیک پالیسی کا جائزہ لینے کی ہدایت کی۔ ذریعہ اہل مرکز ڈاورشریف نے ڈاکٹر کاشف کی صلاحیت کو مدنظر رکھ کر ہیلتھ کیئر کے عملی مسائل کے حل کے لیے تاثرات سازی کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ ڈاکٹر کاشف کی ڈاکٹر کاشف کی ہدایت کی گئی۔ ذریعہ اہل مرکز ڈاورشریف نے

پبلک ہیلتھ انجینئرنگ راولپنڈی ڈھمیال واٹر سپلائی کمیٹی کے الیکشن نہ ہو سکے

23 ستمبر 2025ء کو لیٹر 1319 کے تحت منتخب چیئرمین غفار خان کو برطرف کر کے عبوری کمیٹی قائم کی گئی تھی

کمیونٹی ڈویلپمنٹ آفیسر پی ایچ ای ڈی راولپنڈی ڈویژن نے 4 ماہ میں 26 جنوری کو الیکشن کا حکم دیا تھا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پبلک ہیلتھ انجینئرنگ راولپنڈی کے زیراہتمام قائم کی گئی عبوری واٹر سپلائی کمیٹی چار ماہ میں الیکشن نہ کروا سکی۔ اس حوالے سے کمیونٹی ہیلتھ آفیسر نے 23 ستمبر 2025ء کو آفس آرڈر نمبر 1319 ایس کے تحت باقاعدہ الیکشن کے تحت منتخب ہونے والی ڈھمیال موہری غزن واٹر سپلائی کمیٹی کو برطرف کر کے راجہ تنویر اختر اور دیگر پر مشتمل عبوری واٹر سپلائی کمیٹی قائم کی تھی۔ اس کمیٹی کو پانی کی سپلائی جاری رکھنے سمیت ساڑھے پانچ ہزار کے قریب گھرانوں سے ایک ہزار روپے ماہانہ فیس وصولی سمیت تمام (بقیہ نمبر 26)

نو مجرمان اشتہاریوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

قبضہ سے مختلف بور کے چھ عدد پستول معہ ایمونیشن اور خنجر برآمد کر لیا

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث نو مجرمان اشتہاریوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے قبضے سے اسلحہ معہ ایمونیشن اور خنجر برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی (بقیہ نمبر 27)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، سیکرٹری ہیلتھ عظمت محمود کے ہمراہ گورنمنٹ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے مختلف شعبہ جات کا جائزہ لے رہے ہیں

نیا ''ونڈر بوائے'' آنے والا ہے، اللہ اللہ کریں، مشعال یوسفزئی

ہم 8 فروری کو مکمل پہیہ جام ہڑتال کریں گے اور سڑکوں پر احتجاج ہوگا، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما سینیٹر مشعال یوسفزئی نے کہا ہے کہ حذیفہ صاحب کی جماعت کے دن گنے جا چکے ہیں اور اب ایک نیا "ونڈر بوائے" آنے والا ہے۔۔پاکستان تحریک انصاف کی رہنما مشعال یوسفزئی نے ایک (بقیہ نمبر 30)

خضدار اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے

شدت 3.6 ریکارڈ کی گئی، شہریوں میں خوف وہراس پھیل گیا

خضدار(این این آئی) بلوچستان کے ضلع خضدار اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جس سے شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 3.6 ریکارڈ کی گئی جبکہ گہرائی 13 کلومیٹر تھی، زلزلے کا مرکز خضدار سے تقریباً 18 کلومیٹر جنوب مغرب میں واقع تھا۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق زلزلے (بقیہ نمبر 31)

لاہور: وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی پنجاب یونیورسٹی میں سیکیورٹی گارڈز کے لئے فٹنس سنٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

ہسپتالوں میں موبائل فون کے استعمال پر مکمل پابندی عائد

کسی بھی ہنگامی یا سرکاری ضرورت کی صورت میں عملہ ہسپتال کے لینڈ لائن نمبرز استعمال کرنے کا پابند ہوگا

فیصلے کا مقصد ایمرجنسی کی صورتحال میں مریضوں کو فوری توجہ فراہم کرنا اور علاج کے دوران کسی بھی قسم کے خلل سے بچنا ہے

چونی (این این آئی) چونی سمیت پنجاب کے تمام ہسپتالوں میں موبائل فون کے استعمال پر مکمل پابندی عائد نوٹیفکیشن جاری۔ ہیلتھ و پاپولیشن پنجاب کی طرف سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق مریضوں کی بہتر دیکھ بھال اور طبی عملے کی مکمل توجہ یقینی بنانے کے لیے اہم فیصلہ کیا گیا ہے جس کے مطابق تمام سرکاری ہسپتالوں میں ایمرجنسی میں ڈیوٹی کے دوران عملے کے موبائل فون استعمال کرنے پر مکمل (بقیہ نمبر 33)

بسنت کوئی ثقافتی تہوار نہیں، ایک خونی کھیل بن چکا ہے

جس میں قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوتی ہیں، ڈاکٹر طارق سلیم

اسلام آباد(این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم نے کہا ہے کہ پاکستان میں فارم سینتالیس کی حکومت کے ہوتے ہوئے عوام کے حالات نہیں بدل سکتے، ملک کا پورا نظام ہی فرسودہ ہے، گلے سڑے نظام سے جان چھڑائے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے، پاکستان کو مسائل کے چنگل سے نکالنے کیلئے زندگی کے تمام طبقات کو جماعت اسلامی کے ساتھ مل کر نظام بدلنے کی جدوجہد کا حصہ بننا پڑے گا، پاکستان کا ٹرمپ کے نام نہاد غزہ (بقیہ نمبر 34)

دبئی، گلف فوڈ 2026 میں پاکستان پویلین کا افتتاح

ٹی ڈی اے پی کے زیراہتمام نمائش میں 67 پاکستانی کمپنیاں شرکت کر رہی ہیں

اسلام آباد (ازین این آئی) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان (ٹی ڈی اے پی) نے گلف فوڈ 2026 ''جو دنیا کی سب سے بڑی خوراک اور مشروبات کی تجارتی نمائش ہے'' میں اپنی اب تک کی سب سے بڑی شرکت کے موقع پر دبئی میں پاکستان پویلین کا افتتاح کر دیا۔ گلف فوڈ کے 31 ویں ایڈیشن میں 195 ممالک سے تعلق رکھنے والے 8,500 نمائش کنندگان کی جانب سے 15 لاکھ سے زائد مصنوعات پیش کی جا رہی ہیں جو خوراک او (بقیہ نمبر 36)

فیڈمک صنعتی ترقی کا کلیدی مرکز ہے، قیصر احمد شیخ

حکومت صنعتکاروں کے مسائل کے حل کیلئے مکمل سنجیدہ ہے، وفاقی وزیر

فیصل آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (فیڈمک) ملکی صنعتی ترقی کا ایک انتہائی اہم اور موثر مرکز ہے اور حکومت وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں صنعتکار برادری کے مسائل کے حل کیلئے پوری سنجیدگی اور عزم کے ساتھ کام کر رہی ہے۔فیڈمک (بقیہ نمبر 37)

لاہور لندن سے زیادہ محفوظ ہے، طلال چوہدری

کالے شیشے ایک فیشن بن چکا ہے ، لوگ اسکن کی بیماری کا بہانہ کرتے ہیں، وزیر مملکت داخلہ

اپر دیر میں لوگوں کے گلے کاٹے جا رہے ہیں، آپ بتا رہے ہیں پاکستان لندن اور نیویارک سے زیادہ محفوظ ہے، سینیٹر طلحہ

سکیورٹی خدشات موجود ہیں، پولیس لوگوں کو محفوظ نہیں کر پا رہی، کچے کے 6 پولیس اہلکاروں نے ایک بچی کا ریپ کیا، ممبر کمیٹی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان دنیا کا پانچواں بڑا ملک اور لندن سے زیادہ محفوظ ہے۔ منگل کو سینیٹ کی داخلہ کمیٹی کے اجلاس میں گاڑیوں کے کالے شیشے کے حوالے سے چیئرمین کمیٹی نے (بقیہ نمبر 38)



ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمرا محمد نواز گوندل، ڈائریکٹر بلوچستان سول سروس اکیڈمی شبانہ سلطان کو سوونیئر پیش کر رہے ہیں

بسنت کی آمد، پتنگ سازوں کیلئے آرڈر پورے کرنا مشکل ہو گیا

لاہور (این این آئی) بسنت کی آمد، طلب کے پیش نظر، پتنگ سازوں کیلئے آرڈر پورے کرنا مشکل ہو گیا۔ کائٹ ایسوسی ایشنز نے ملک کے دیگر حصوں سے بھی پتنگیں منگوانے کی اجازت مانگ لی، ضلعی انتظامیہ نے تجاویز پر غور شروع کر دیا۔ کائٹ مینوفیکچررز کے مطابق 2 دہائیوں بعد بسنت کی آمد سے طلب میں بے تحاشا اضافہ ہوا ہے، باہر سے پتنگیں منگوانے (بقیہ نمبر 28)

پی ٹی آئی ایم این ایز کیخلاف فرد جرم کیلئے 3 فروری کی تاریخ مقرر

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے سنگجانی جلسہ کیس میں پی ٹی آئی ایم این ایز کیخلاف فرد جرم کیلئے 3 فروری کی تاریخ مقرر کر دی ہے۔ پی ٹی آئی ایم این ایز کیخلاف سنگجانی جلسہ کیس کی سماعت اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے سماعت کی۔ پی ٹی آئی ایم این اے عامر ڈوگر، ایم این اے مولانا نسیم علی شاہ عدالت میں پیش ہوئے۔ ایم این اے مولانا نسیم علی شاہ کی جانب سے کفایت اللہ وزیر (بقیہ نمبر 29)

لاہور، عالمی ادارے یونیسف کا سامان چوری، 5 ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) بچوں کے حقوق کے عالمی ادارے یونیسف کے سامان کی چوری کا پردہ فاش ہو گیا ۔ شادباغ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے عالمی ادارے کے سامان کی ریکوری کی، گروہ گرفتار کر لیا۔ شادباغ پولیس نے یونیسف کا سامان چوری کرنیوالے 5 ملزموں کو گرفتار کر لیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے وقوعہ کا نوٹس لے (بقیہ نمبر 32)

3 منشیات سپلائر گرفتار، 4 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 منشیات سپلائر گرفتار کر کے 4 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 3 منشیات سپلائر کو گرفتار کر لیا، زیر حراست منشیات سپلائرز سے ساڑھے 4 کلو سے زائد چرس برآمد ہوئی، وارث خان پولیس نے ایک منشیات سپلائر کو حراست (بقیہ نمبر 35)

دودھ کی حفاظتی اقدامات عوام کے لئے اہم ہے، پاکستان ڈیری ایسوسی ایشن

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ڈیری ایسوسی ایشن (پی ڈی اے) نے محفوظ دودھ مہم کے تحت شہریوں کو محفوظ، غذائیت سے بھرپور اور صحت بخش دودھ کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی (پی ایف اے) کی کاوشوں کو سراہا ہے۔ پی ڈی اے کی سی ای او ڈاکٹر امین نے کہا کہ محفوظ دودھ مہم ایک جرات مندانہ اور قابل تحسین اقدام ہے جو عوامی صحت کے تحفظ اور فوڈ سیفٹی کے نظام کو مضبوط بنانے کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے واضح عزم کی عکاسی کرتا ہے، جسے حکومت پنجاب کی بھرپور حمایت حاصل ہے۔

اساتذہ کی تدریسی کارکردگی جانچنے کے لیے نیا ڈیجیٹل نظام متعارف

لاہور (این این آئی) محکمہ سکول ایجوکیشن نے اساتذہ کی تعلیمی کارکردگی کو موثر انداز میں مانیٹر کرنے کے لیے بڑا اقدام اٹھایا ہے۔ اس سلسلے میں ''ٹیچنگ پریکٹس انالیسس فارم'' ایچ آر ایم ایس پورٹل پر لانچ اور فعال کر دیا گیا۔ اس نئے نظام کے تحت تمام اساتذہ کو اپنی تدریسی سرگرمیوں کا ریکارڈ پورٹل پر روزانہ اپلوڈ کرنا ہوگا۔ اساتذہ کو اپنی پڑھائی کی مختصر ویڈیو بھی پورٹل پر جمع کروانی ہوگی، جس کا سائز 5 ایم بی سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، سیکرٹری ہیلتھ کے ہمراہ گورنمنٹ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے مختلف شعبہ جات کا جائزہ لے رہے ہیں

کندھ کوٹ میں گٹر نالوں کے پانی تباہی مچا دی

گٹر ابلنے سے شہر کے متعدد علاقے زیر آب شہری شدید مشکلات کا شکار

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ شہر میں گٹر نالوں کے ابلنے سے حالات سنگین صورت اختیار کر گئے ہیں، جس کے باعث شہر کے مختلف علاقے مکمل طور پر زیر آب آ گئے ہیں اور شہریوں کی روزمرہ زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے۔ ڈی سی آفس روڈ، ماڑوائی محلہ، ہائی اسکول گلی، عید گاہ روڈ سمیت دیگر علاقوں میں گندا پانی سڑکوں، گھروں اور دکانوں میں داخل ہو چکا ہے جس سے آمد و رفت میں شدید دشواری پیدا ہو گئی ہے مقامی شہریوں کے (بقیہ نمبر 39)

کندھ کوٹ میں ترقی کے نام پر لوٹ مار عروج پر

مسن موڑ تا گردوارہ بھگوان داس چاولہ شادی ہال سڑک تباہ

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ میں ترقی کے نام پر لوٹ مار مسن موڑ تا گردوارہ بھگوان داس چاولہ شادی ہال سڑک تباہ، کروڑوں کا منصوبہ مٹی میں مل گیا، ٹھیکیدار ڈی بلوچ کمپنی کام ادھورا چھوڑ کر رفو چکر، میگا کرپشن کے سنگین الزامات، کندھ کوٹ شہر میں ترقی کے نام پر عوام کے ساتھ کھلا مذاق سامنے آ گیا۔ مسن موڑ سے لے کر گردوارہ بھگوان داس چاولہ شادی ال تک تعمیر کی جانے والی اہم سڑک چند ہی دنوں میں خستہ حالی کا شکار ہو گئی، جس سے کروڑوں روپے کے ترقیاتی منصوبے پر سنگین سوالات اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔ ذرائع (بقیہ نمبر 40)

لاہور: صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ صوبہ بھر میں سوشل ویلفیئر کے منصوبوں میں تیزی لانے کے لئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

12 پتنگ سپلائر گرفتار، 2300 پتنگیں اور 22 ڈوریں برآمد

نصیر آباد پولیس نے دو افراد 1050 پتنگیں اور 11 ڈوریں برآمد کیں

آرائے بازار پولیس نے کر 500 پتنگیں اور 02 ڈوریں برآمد کیں

گوجر خان پولیس نے 60 پتنگیں اور 02 ڈوریں برآمد کیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 12 پتنگ سپلائر گرفتار کر کے 2300 پتنگیں اور 22 ڈوریں برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پتنگ سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 12 پتنگ سپلائر کو گرفتار کر لیا، زیر حراست پتنگ سپلائرز سے 2300 پتنگیں اور 22 ڈوریں برآمد ہوئیں، نصیر آباد پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 1050 پتنگیں اور 11 ڈوریں برآمد کیں، آرائے بازار پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے (بقیہ نمبر 41)

12 روز کے دوران شہر بھر سے 181 پیشہ ور بھکاری گرفتار

زیر حراست افراد میں 90 مرد، 87 خواتین اور 4 خواجہ سرا شامل ہیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 12 روز کے دوران شہر بھر سے 181 پیشہ ور بھکاری گرفتار کر لئے، جن میں 90 مرد، 87 خواتین اور 4 خواجہ سرا شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، 12 روز کے دوران شہر بھر سے 181 پیشہ ور بھکاری گرفتار، زیر حراست افراد میں 90 مرد، 87 خواتین اور 4 خواجہ سرا شامل ہیں۔ (بقیہ نمبر 42)

لاہور: صوبائی وزیر لائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی نیشنل ہارس اینڈ کیٹل شو 2026ء کی تیاریوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سی ٹی ڈی کی کارروائی، 6 دہشتگرد ہلاک، 10 اہلکار زخمی

کارروائی کے دوران راکٹ لانچرز، کلاشنکوف، ہینڈ گرینیڈ اور دھماکا خیز مواد برآمد

کوئٹہ (این این آئی) ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز گورایہ نے کہا ہے کہ پشین میں گزشتہ روز سی ٹی ڈی نے کارروائی کی جس میں 6 دہشتگرد مارے گئے اور سی ٹی ڈی کے 10 لوگ معمولی زخمی ہوئے۔ وزیراعلیٰ کے سیاسی اور میڈیا امور کے معاون شاہد رند اور ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز گورایہ نے پریس کانفرنس کی۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی نے کہا کہ (بقیہ نمبر 43)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، سیکرٹری ہیلتھ عظمت محمود کے ہمراہ گورنمنٹ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے مختلف شعبہ جات کا جائزہ لے رہے ہیں

ملینیم یونیورسل کالج میں سیمینار کا انعقاد

سینئر پولیس افسران کی منشیات کے نقصانات اور پولیس کی کارروائیوں سے متعلق آگاہی

اسلام آباد (این این آئی) ملینیم یونیورسل کالج میں منعقدہ سیمینار میں سینئر پولیس افسران نے طلباء وطالبات کو منشیات کے نقصانات، منشیات کی لعنت سے معاشرے پر منفی اثرات اور اسلام آباد پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں سے متعلق آگاہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت کو منشیات سے پاک کرنے اور نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے کے لئے خصوصی "نشہ نہیں" تحریک شروع کر (بقیہ نمبر 44)

ڈی آئی جی اور ایس ایس پی آپریشنز کی کھلی کچہری

کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر حل کے احکامات جاری کئے

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی محمد جواد طارق اور ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہے، اس سلسلہ میں ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طارق اور ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد (بقیہ نمبر 45)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

وفاقی آئینی عدالت سپر ٹیکس کیخلاف تمام درخواستیں خارج

انکم ٹیکس آرڈیننس کی سیکشن 4 بی 2015 سے برقرار رکھی جائے گی، پارلیمنٹ قانون سازی کے ذریعے لیوی ٹیکس عائد کرنے کی مجاز ہے، فیصلہ

آئینی بینچ سپر ٹیکس پر سماعتیں کرتا رہا پھر 27 ویں آئینی ترمیم کے بعد سپر ٹیکس کیس وفاقی آئینی عدالت منتقل کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے سپر ٹیکس سے متعلق کیس کا فیصلہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ کیس کے قابل سماعت ہونے پر اعتراضات مسترد کیے جاتے ہیں، انکم ٹیکس آرڈیننس کی سیکشن 4 بی 2015 سے برقرار رکھی جائے گی، پارلیمنٹ قانون سازی کے ذریعے لیوی ٹیکس عائد کرنے کی مجاز ہے۔ منگل کو چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت امین الدین خان کی سربراہی میں 3 رکنی (بقیہ نمبر 46)

لاہور کمشنر اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب میڈم ثمن رائے ساہیوال ڈویژن کے فوکل پرسنز کی ٹریننگ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر چکوال نے شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے احکامات جاری کئے

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر چکوال نے شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے اپنے دفتر میں آنے والے شہریوں کے مسائل سنے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے عوامی شکایات کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو مسائل کے فوری اور موثر حل کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام کو بروقت ریلیف فراہم کرنا حکومتِ پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔

ٹیکس نادہندگان اور سیلز ریکارڈ میں بے ضابطگیوں پر کارروائیاں

لاہور، شیخوپورہ کے بیوٹی پارلرز، ایستھیٹک کلینکس، مارکیز اور ریسٹورنٹس پر کارروائیاں کی گئیں

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی کی جانب سے ٹیکس نادہندگان اور سیلز ریکارڈ میں بے ضابطگیوں پر کارروائیاں جاری ہیں۔ ترجمان کے مطابق لاہور اور شیخوپورہ کے بیوٹی پارلرز، ایستھیٹک کلینکس، مارکیز اور ریسٹورنٹس پر کارروائیاں کی گئیں۔ لاہور کے پوش علاقوں میں واقع 8 کلینکس کی چیکنگ اور ریکارڈ ضبط کر لیا گیا ، 2 مارکیز (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی، 3 ملزمان گرفتار، 27 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر کے 27 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر کے 27 لیٹر شراب برآمد کر لی، پیرودھائی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب برآمد کی، وارث خان پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب برآمد کی، مورگاہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 7 لیٹر شراب (بقیہ نمبر 48)

پرائیویٹ پروگرامز پر پولیس سکیورٹی کیلئے فیس عائد کرنے کا منصوبہ

سکیورٹی فیس کا اطلاق شادی ہالز، کنسرٹس، احتجاجی اجتماعات و دیگر تقریبات پر کیا جا سکتا

لاہور (این این آئی) پرائیویٹ پروگرامز پر پولیس سکیورٹی کے لئے فیس عائد کرنے کا منصوبہ تیار کر لیا گیا۔ پولیس نے سکیورٹی فیس سے متعلق تجاویز آئی جی پنجاب کو بھجوا دیں، جس کے تحت پرائیویٹ ایونٹس پر پولیس سکیورٹی اب مفت فراہم نہیں کی جائے گی۔ بتایا گیا ہے کہ سال 2025 میں لاہور پولیس نے 14 ہزار سے زائد ایونٹس پر سکیورٹی کے انتظامات کیے جن میں زیادہ تر پرائیویٹ، احتجاجی اور ثقافتی پروگرامز شامل تھے۔ آئی (بقیہ نمبر 49)

آئی جی اسلام آباد پولیس افسران کی ویلفیئر کیلئے ہمہ وقت متحرک

آئی جی کی کانسٹیبل سید جعفر علی کو فرائض منصبی کی ادائیگی میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شاباش

کھلی کچہری کے دوران شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سن کر حل کیلئے ہدایات جاری

لاہور: سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل پنجاب میں لگائے جانے والے فائر ہائیڈرنٹس کے ماڈل کا معائنہ کر رہے ہیں، ڈی جی واسا پنجاب بریفنگ دے رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی شہریوں اور پولیس افسران کی ویلفیئر کیلئے ہمہ وقت متحرک ہو گئے، آئی جی اسلام آباد نے کانسٹیبل سید جعفر علی کو فرائض منصبی کی ادائیگی میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے ،اچھے ڈسپلن اور بہترین ٹرن آؤٹ پر شاباش دی ،جبکہ کھلی کچہری کے دوران شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سن کر حل کیلئے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کانسٹیبل سید جعفر علی کے ساتھ اپنے (بقیہ نمبر 50)

ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمتوں میں معمولی اضافہ

سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1381 روپے ریکارڈ

لاہور (این این آئی) ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمتوں میں گزشتہ ہفتے کے دوران معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے مطابق 22 جنوری کو ختم ہونے والے ہفتے میں ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1381 (بقیہ نمبر 52)

پیٹرول پمپس پر آٹومیٹک ٹینک گیجنگ سسٹم کی تنصیب کیلئے 10 فروری کی ڈیڈ لائن مقرر

اسلام آباد (این این آئی) پیٹرولیم ڈویژن نے پیٹرول پمپس پر آٹومیٹک ٹینک گیجنگ سسٹم 10 فروری 2026 تک لازمی قرار دے دیا، مقررہ تاریخ کے بعد نہ نیا لائسنس ملے گا اور نہ ہی ڈیپارٹمنٹ آف ایکسپلوسوز سے این او سی فارم جاری ہوگا۔ ملک میں آئل سپلائی چین کی اینڈ ٹو اینڈ ڈیجیٹلائزیشن کیلئے پیٹرولیم ڈویژن نے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو (بقیہ نمبر 51)

رواں مالی سال کے اختتام تک سرکلر ڈیٹ مکمل کنٹرول میں آ جائیگا

گردشی قرض میں 223 ارب روپے اضافے کی خبر گمراہ کن ہے، ترجمان پاور ڈویژن

لاہور (این این آئی) پاور ڈویژن نے دعویٰ کیا ہے کہ رواں مالی سال کے اختتام تک سرکلر ڈیٹ مکمل کنٹرول میں آ جائے گا، 1225 ارب روپے سرکلر ڈیٹ سیٹلمنٹ پلان 6 سال میں مکمل ہوگا، گردشی قرض میں 223 ارب روپے اضافے کی خبر کو گمراہ کن ہے۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق گزشتہ سال جولائی تا نومبر کے دوران سرکلر ڈیٹ کا موازنہ غلط ہے، درست موازنہ پچھلے سال کی اسی مدت سے ہونا چاہیے، بینکوں سے (بقیہ نمبر 53)

راولپنڈی، شہری کو قتل کرنے والا اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ واہ کینٹ پولیس نے شہری کو قتل کرنے والا اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سابقہ دشمنی پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری نے ساتھیوں کے ہمراہ شہری کو قتل کیا اور موقعہ سے فرار ہو گیا تھا، اشتہاری دسمبر 2025 سے پولیس کو مطلوب تھا، واہ کینٹ پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے (بقیہ نمبر 54)

الخدمت فاؤنڈیشن کے سیکرٹری جنرل سید وقاص جعفری غزہ کے لئے روانہ کیے جانے والے فوڈ کٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

نان فائلر کے اسلحہ لائسنس فوری منسوخ کیے جائیں، سینیٹر فیصل

نان فائلرز کو 33 ہزار اور فائلرز کو صرف 3 ہزار لائسنس جاری کیے گئے ہیں، سینیٹر طلحہ محمود

ادوار میں بہت زیادہ اسلحہ لائسنس جاری کیے گئے، ہم نے پالیسی سخت کی ہے اب چند ہزار لائسنس جاری ہوئے ہیں، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کے چیئرمین سینیٹر فیصل نے کہا ہے کہ جو لوگ ٹیکس ادا نہیں کرتے وہ کیسے اسلحہ لائسنس بنوا رہے ہیں؟ اسلحہ اس کے پاس ہو جو ٹیکس جمع کرواتا ہو۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس سینیٹر فیصل کی زیر صدارت ہوا جس میں اسلحہ لائسنس پر بحث ہوئی۔ اجلاس میں سینیٹر طلحہ محمود نے کہا کہ نان فائلرز کو 33 ہزار اور فائلرز کو صرف 3 ہزار لائسنس جاری کیے گئے ہیں۔ اس پر چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ جو فائلر نہیں ہے ان کے لائسنس فوری (بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد میں ہائی رائز عمارتوں کا ابتدائی سروے مکمل

50 فیصد سے زائد عمارتوں میں فائر سیفٹی کے بنیادی آلات تک موجود نہ ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں ہائی رائز عمارتوں کا ابتدائی سروے مکمل کر لیا گیا۔ سروے رپورٹ کے مطابق شہر میں 500 سے زائد ہائی رائز عمارتیں موجود ہیں تاہم ان میں سے 50 فیصد سے زائد عمارتوں میں فائر سیفٹی کے بنیادی آلات تک موجود نہیں۔ ذرائع کے مطابق صرف بلیو ایریا میں واقع ہائی رائز عمارتوں کی فائر سیفٹی صورتحال کو کسی حد تک تسلی بخش قرار دیا گیا ہے جبکہ ریڈ زون کی متعدد بلند عمارتوں میں بھی فائر الارم اور آگ بجھانے کے آلات مکمل نہیں۔ فیڈرل سیکرٹریٹ کے بلاکس میں بھی فائر الارم اور آگ پر قابو پانے کے آلات کی شدید کمی ہے جو کسی بھی ہنگامی صورتحال میں بڑے نقصان کا سبب بن (بقیہ نمبر 56)